ABC CERTIFIED
لاہور، اسلام آباد، راولپنڈی، گوجرانوالہ، پشاور اور کراچی سے شائع ہونے والا قومی اخبار
روزنامہ سما لاہور
Daily SAMA
چیف ایڈیٹر منور احمد
ایڈیٹر: عاطف سعید
جلد 10 | 7 اگست 2017ء 14 ذیقعد 23 سامن 2074ب صفحات 12 قیمت 10 روپے | شمارہ 174

کپاس پر سپرے کرنے کے طریقے

ڈنڈی یعنی لانس پر نوزل تقریباً 45 درجہ کے زاویہ پر لگی ہوئی ہو اور ایک وقت میں صرف ایک قطار پر سپرے کریں

نوید عصمت کاہلوں

جدید تحقیق کے مطابق بالکس سپرے مشینری کا صحیح طریقہ سے سپرے نہ کرنے کی وجہ سے کم و بیش اوسطاً 50 فیصد حصہ ضائع جاتا ہے جس سے نہ صرف کپاس یا دوسری فصلات کی پیداواری لاگت میں اضافہ ہوتا ہے بلکہ کیڑوں کی قوت مدافعت میں اضافہ کے ساتھ ساتھ ماحولیاتی آلودگی بھی بڑھ جاتی ہے۔ کپاس کی پیداواری لاگت کا 50 فیصد صرف کرم کش ادویات پر خرچ ہوتا ہے جس کے نتیجے میں یہ فصل مہنگی اور کم منافع بخش ہوتی جا رہی ہے اور صحیح طریقوں سے کی جانے والی زہر پاشی کے بعد بھی ہیڈ سپریئرز اور ٹریکٹر پر سپرے کا صحیح اور مناسب طریقہ نہ ہونے کی وجہ سے سپرے کا کافی حصہ ضائع ہو جاتا ہے۔ اس لئے یہ ضروری ہے کہ زہر پاشی کے بعد بھی ہیڈ سپریئرز اور ٹریکٹر پر سپرے کا صحیح اور مناسب طریقہ اپنایا جائے تاکہ کیمیائی زہروں کے ماحول پر برے اثرات کو کم کیا جا سکے۔ اس سلسلے میں یہ جاننا بھی ضروری ہے کہ کیمیائی زہروں کی کارکردگی کس طرح بہتر بنائی جا سکتی ہے۔ اس کے لئے پمپ کا صحیح انتخاب، پمپ کی صحیح دیکھ بھال، پمپ کی صحیح رفتار، نوزل کا صحیح انتخاب، نوزل کی صحیح دیکھ بھال، نوزل کا صحیح زاویہ، نوزل کا صحیح فاصلہ، نوزل کا صحیح دباؤ، نوزل کا صحیح بہاؤ، نوزل کا صحیح انتخاب، نوزل کا صحیح استعمال، نوزل کا صحیح اوورلیپ، نوزل کا صحیح ٹائم، نوزل کا صحیح ٹائپ، نوزل کا صحیح سائز، نوزل کا صحیح رنگ، نوزل کا صحیح کوڈ، نوزل کا صحیح ڈیزائن، نوزل کا صحیح مواد، نوزل کا صحیح وزن، نوزل کا صحیح حجم، نوزل کا صحیح شکل، نوزل کا صحیح سائز، نوزل کا صحیح رنگ، نوزل کا صحیح کوڈ، نوزل کا صحیح ڈیزائن، نوزل کا صحیح مواد، نوزل کا صحیح وزن، نوزل کا صحیح حجم، نوزل کا صحیح شکل

اکثر اوقات 3 لٹر فی منٹ سے بھی زیادہ ہوتا ہے جو کہ معاشی نقصان کے علاوہ فصل کو نباتو کرنے کے مترادف ہے۔ اسی طرح نوزل سے نکلنے والے قطروں کا سائز 200 مائیکرن سے زیادہ ہوتا ہے جس کی وجہ سے کرم کش دوائی کے محلول کے قطرے بڑے ہونے کی وجہ سے فصل کے پتوں پر ٹھہر نہیں سکتے بلکہ سلپ ہو کر نیچے زمین پر چلے جاتے ہیں۔ زیادہ تر کاشتکار سپرے لائن کو ملاتے ہوئے 3 سے 4 قطاروں پر دائیں یا بائیں سپرے کرتے ہیں اس طرح کوئی بھی آپریٹر ہر بار ایک جیسی لائن نہیں بنا سکتا جس سے غیر یکساں سپرے ہوتا ہے اور مالی نقصان کے علاوہ کیڑوں پر کنٹرول بھی نہیں ہوتا ہے۔ ہاتھ یا پمپ کی طاقت سے چلنے والے نیپ سیک سپریئر کو اس طرح استعمال کریں کہ فصل کے اوپر اور اطراف سے دوائی مؤثر طریقہ سے پتوں تک پہنچ سکے۔ یہ بات نہایت ضروری ہے کہ ڈنڈی یعنی لانس پر نوزل تقریباً 45 درجہ کے زاویہ پر لگی ہوئی ہو اور ایک وقت میں صرف ایک قطار پر سپرے کریں۔ کرم کش ادویات کے سپرے کیلئے ہاکون نوزل اور جڑی بوٹی کے اگاؤ سے پہلے ٹم کرنے کیلئے فلڈ جیٹ اور جڑی بوٹیوں کو اگاؤ کے بعد ٹم کرنے کیلئے فلیٹ فین نوزل استعمال کریں۔ زہر پاشی سے پہلے پمپ کو چلا کر مطلوبہ پریشر (3 بار یا 45 پونڈ فی مربع انچ) بنا لیں اور دوران زہر پاشی پمپ کو حسب ضرورت چلاتے رہیں تاکہ پریشر برقرار رہے۔ بہتر یہ ہوتا ہے کہ ان سپریئرز پر

پریشر گیج اور پریشر کنٹرول سسٹم لگا ہوا ہے۔ دوران زہر پاشی اپنی حفاظت کیلئے سپرے ہونے والی قطار اور اپنے درمیان ایک قطار خالی رکھیں جس پر ابھی سپرے نہ ہوا ہو۔ سپرے ہوا کے خلاف نہ کریں کیونکہ اس طرح ایک تو سپرے یکساں نہیں ہوتا بلکہ یہ طریقہ سپرے کرنے والے کیلئے بھی خطرناک ہے۔ ہوم سپریئر سے سپرے کرتے وقت بہت زیادہ محتاط رہنے کی ضرورت ہے اور اس کیلئے تجربہ کار آپریٹر کا ہونا ضروری ہے۔ غیر تربیت یافتہ آپریٹر ان باتوں کا خیال نہیں رکھ سکتا جن کا ہوم سپریئر سے سپرے کرتے وقت ملحوظ رکھنا اشد ضروری ہے۔ ہوم سے سپرے کرتے وقت سب سے پہلے یہ دیکھیں کہ ہوم فصل اور زمین کے متوازی ہے یا ایک طرف کو جھکی یا لٹکی ہوئی ہو۔ غیر یکساں سپرے کا موجب بنے گی۔ زہر پاشی کھیت میں شروع کرنے سے قبل یہ چیک کر لیں کہ تمام نوزلز چل رہی ہیں۔ اگر ہوم کے ہر سیکشن کو علیحدہ علیحدہ سپلائی دی گئی ہے تو حاضر دباؤ سے کام کرتے ہوئے تمام سیکشن کے والز بروقت کھولیں اگر ذرا سی غفلت یا لاپرواہی سے کسی سیکشن کا والو نہ کھولا گیا تو فصل کے کچھ حصہ پر زہر پاشی نہیں ہوگی۔ سپرے کرتے وقت یہ چیک کریں کہ ہوم کی اونچائی فصل سے کتنی ہے بہت زیادہ اونچائی یا بہت کم اونچائی غیر یکساں سپرے کا سبب بنتی ہے ہوم کی اونچائی فصل سے اتنی ہو کہ ایک نوزل کے پھوار دوسری نوزل کی پھوار پر 30 سے 40 فیصد اوورلیپ ہو رہی ہو۔ نوزل کا زاویہ اور نوزل سے نوزل کا درمیانی فاصلہ ہوم کی اونچائی سیٹ کرنے میں بہت اہمیت کا حامل ہے۔ نوزل سے نوزل کا درمیانی فاصلہ ہر ہوم پر مختلف ہو سکتا ہے۔ جب فصل کا قد چھوٹا ہو اور پودے پر لگے پتے زمین کو مکمل طور پر ڈھانپ نہ رہے ہوں تو ایسی صورت میں سپرے کھول کو ضائع ہونے سے بچانے کیلئے ہوم کو فصل کے نزدیک رکھیں۔ ہوم پر ہر نوزل اڑھائی فٹ پر لگی ہوتا کہ سپرے میں پودے کی قطار کے اوپر ہو۔ اکثر اوقات ہوم بنانے والے ہوم کے آخری سرے پر ایک نوزل ایک خاص زاویہ پر لگا دیتے ہیں تاکہ سپرے کی چوڑائی کو بڑھایا جا سکے یہ طریقہ انتہائی غلط اور نامناسب ہے اس طریقہ سے آخری قطاروں پر سپرے بالکل غیر یکساں ہوتا ہے۔ اگر فصل کھلی ہو تو پہلے سے سپرے کرنے والے نوزل کا استعمال بھی کر لینا چاہیے۔ ایسی صورت میں سپرے کی مقدار فی ایکڑ زیادہ ہوگی۔ اس لئے پمپ ایسا ہو جو مطلوبہ اخراج اور پریشر بنا سکے۔ اضافی نوزلز کی وجہ سے پانی کی مطلوبہ مقدار اتنی نہ بڑھائی جائے کہ زہر پاشی کا اثر ہی زائل ہو جائے۔ ہوم سپریئر پر لگی تمام نوزل کا زاویہ اخراج اور سپرے کی تقسیم یکساں ہونی چاہیے۔ اگر کسی نوزل کا زاویہ اخراج یا سپرے کی تقسیم اوسط زاویہ، اوسط اخراج تقسیم سے 5 فیصد اور استعمال شدہ نوزل کا 15 فیصد سے زائد ہو تو اس نوزل کو فوری تبدیل کر دیں۔ ہوم سپریئر کے ٹینک کے منہ، ٹینک اور پمپ کے درمیان، ٹینک میں پانی بھرنے والے پائپ کے شروع میں اور ہر نوزل میں فلٹر ضرور استعمال کریں۔ پمپ پریشر گیج ٹائپ ہونے کی صورت کے وقتاً فوقتاً نظر سپرے روکنے کا الگام ضرور استعمال کریں۔ دوران سپرے ٹریکٹر کی رفتار بہت زیادہ یا بہت کم رکھنے کی وجہ سے یکساں سپرے ممکن ہے اس لئے 6 سے 8 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے ٹریکٹر کو چلا کر سپرے کریں تاکہ بہتر نتائج حاصل کیے جا سکیں۔